
# 11 جگ مگ جگ مگ




## بنی کے گھر شادی

بنی کے گھر شادی ہو رہی تھی۔ یہ ایک خرگوشوں کا خاندان تھا۔ ہرن ، بندر، ہاتھی، بلی، چوہے، کتے، لومڑی، اونٹ، نیولہ جیسے بہت سے مہمان بلائے گئے۔ سبھی کو ایک شربت پلایا جا رہا تھا۔ سب کو ایک ایک گلاس مل رہا تھا۔ سبھی کو شربت بہت مزے کا لگ رہا تھا۔ لیکن کچھ چھوٹے مہمان جیسے ______، ______ سے ایک پورا گلاس بھی ختم نہیں ہوا۔ ______ لیکن اپنا پورا گلاس ختم کر لیا۔

کچھ ایسے بھی تھے جنھوں نے ایک سے زیادہ گلاس مانگا۔ جیسے ________، ________، ________،

مشکل اب شروع ہوئی!!!

وہاں کچھ بڑے مہمان بھی تھے جو گلاس پہ گلاس انڈیلے جا رہے تھے۔

بنی اندازہ لگانا چاہتا ہے کہ کسی نے کتنے گلاس پیے۔

جدول بنانے میں اس کی مدد کیجیے۔



| کس نے کتنے پیئے | مہمانوں کے نام |
|---|---|
| 1 سے کم گلاس | ________، ________ |
| 1 سے 5 گلاس کے بیچ | ________، ________ |
| 5 سے 10 گلاس کے بیچ | ________، ________ |
| 10 گلاس سے زیادہ | ________، |




## پانی اندر، پانی باہر

کیا تم کبھی لڈو کی طرح سوچتے ہو؟


ایک دم میں تم اندازاً کتنے گلاس پانی پی جاتے ہو؟

گرمیوں کے دنوں میں: ________ گلاس

سردی کے دنوں میں: ________ گلاس

کیا تم بتا سکتے ہو کہ تمہارے جسم سے ایک دن میں کتنا پانی نکلتا ہے۔

© NCERT not to be republished



## بالٹیاں اور بوتلیں



ایک لیٹر کی ایک بوتل لو۔ (یہ پانی یا تیل کی خالی بوتل ہو سکتی ہے) اب اپنے گھر سے کچھ اور خالی بوتلیں، مگ، جگ، گلاس، کٹوری، پتیلی وغیرہ اکٹھی کرو۔ ایک لیٹر کی بوتل کی مدد سے دیکھیے کہ ان میں سے کس میں 1 لیٹر سے زیادہ اور کس میں ایک لیٹر سے کم پانی آتا ہے۔ اگر آپ چاہیں تو ایک چھوٹی تصویر بناؤ۔



| 1 لیٹر سے کم | 1 لیٹر سے زیادہ |
|---|---|
| کٹوری  | پتیلی  |
| | |
| | |
| | |
| | |

— اب ذرا اپنے گھر کی بالٹیوں کو دیکھیے۔

— اندازہ لگائیے کہ ان میں کتنا پانی آ سکتا ہے۔

— 1 لیٹر والی بوتل کی مدد سے یہ دیکھیے کہ کیا سبھی بالٹیوں کے لئے ایک کا اندازہ صحیح ہے۔

| بالٹی | میرا اندازہ | میرا ناپ |
|---|---|---|
| 1 بالٹی | | |
| 2 بالٹی | | |
| 3 بالٹی | | |

© NCERT not to be republished


## صحیح جوڑے بنائیے




تقریباً 12 لیٹر


(دودھ ناپنے کا پیمانہ)

$\frac{1}{2}$ لیٹر سے کم


(پانی کی ٹنکی)


تقریباً 5 لیٹر


(بالٹی)

1000 لیٹر


(آنکھوں کی دوا کی شیشی)

$\frac{1}{2}$ لیٹر


(صراحی)

© NCERT not to be republished

# کس کے جگ میں زیادہ ہے؟

نعیمہ اور جیتو کیا کر رہے ہیں؟

اگر نعیمہ اپنے جگ میں ایک گلاس پانی ڈالتی ہے تو وہ کچھ اس طرح دکھائی دیتا ہے۔



نعیمہ کو لگا کہ اس کو جگ بھرنے کے لئے تقریباً 3 گلاس پانی ڈالنا ہوگا۔ تمھیں کیا لگتا ہے؟ ______________

اگر جیتو اپنے جگ میں ایک گلاس پانی ڈالتا ہے تو وہ اس طرح لگتا ہے:



- بتاؤ کہ کس کے جگ میں زیادہ پانی آئے گا؟
- تمھیں کیا لگتا ہے کہ جیتو کو اپنا جگ بھرنے کے لئے اس میں کتنے گلاس پانی ڈالنا ہوگا؟ ______________
- اگر جیتو ایک گلاس پانی اور ڈالتا ہے تو اس کا جگ تقریباً __________ بھر جائے گا۔



© NCERT not to be republished

## مٹکے بھرنا

نسیم اور عبدل کو اپنے اپنے مٹکے پانی سے بھرنے ہیں۔ دونوں مٹکے ایک جیسے بڑے اور بھاری ہیں۔ انہوں نے اپنی بوتل بھری اور پھر اس کو لے جا کر مٹکے میں ڈالا۔ اس لئے انہیں بار بار نل کے پاس جانا پڑا۔



نسیم نل سے 161 بار بوتل بھر کر لائی جب کہ عبدل کو اپنی بوتل صرف 8 بار ہی بھرنی پڑی۔

- نسیم کو عبدل سے زیادہ بار کیوں جانا پڑا؟
- عبدل کی بوتل سے نسیم کی بوتل میں ________ (دوگنا / آدھا / تین گنا) پانی آ سکتا ہے۔

## کتنے گلاس




مٹکا نمبر ب میں پورے 11 گلاس پانی آتا ہے۔ مٹکا نمبر الف میں 2 نمبر کے مٹکے سے دوگنا پانی آتا ہے۔ مٹکا الف کو بھرنے کے لئے کتنے گلاس پانی چاہیے؟ ________

بچوں کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ پانی، دودھ وغیرہ کو ناپنے کا اور الگ الگ طرح کے برتنوں، بوتلوں وغیرہ کے سائز کا موازنہ کرنے کے تجربات کو بتائیں۔ انہیں اس کا موقع ملنا چاہیے کہ وہ گلاس بھر، بالٹی بھر، جیسے الفاظ کا استعمال کر سکیں، ساتھ ہی اس کی بھی کوشش کی جانے چاہیے کہ وہ پانی کی مقدار سے متعلق الفاظ آدھا، دوگنا، چار گنا، سے واقف ہوں اور انہیں 1 لیٹر تقریباً کتنا ہوتا ہے اس کا احساس ہو۔



© NCERT not to be republished

## گڑھے بھرنا

یہ شہر کو ہیما کے پاس ہے یہاں سڑک پر کچھ گڑھے تھے۔ بارش آنے سے پہلے بچے چھوٹے چھوٹے پتھروں سے ان گڑھوں کو بھر دینا چاہتے تھے۔

وہ سب ایک جیسے مگوں میں کنکر اور پتھر بھر کر لائے۔ گڑھا 9 جگ سے بھر گیا۔

گڑھا B 18 مگ سے بھر گیا۔

گڑھا C 12 مگ سے بھر گیا۔



© NCERT not to be republished

- تصویر میں صحیح گڑھوں پر A, B اور C لکھیے۔
- سب سے بڑا گڑھا کون سا تھا؟
- اگر گڑھوں کو بھرنے میں جگ کا استعمال کیا جائے تو گڑھا A 5 جگ سے بھرے گا۔ گڑھا B کو بھرنے میں کتنے جگ پتھر لگیں۔